# أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ

سُنتا ہے! جو جتھا ہے اللہ کا وہی مراد کو پہنچے۔

# المُجَادَلتہ

## بِسْمِ اللّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

قَدْ سَمِعَ ٱللَّهُ قَوْلَ ٱلَّتِى تُجَـٰدِلُكَ فِى زَوْجِهَا وَتَشْتَكِىٓ إِلَى ٱللَّهِ

سُن لی اللہ نے بات اس عورت کی جو جھگڑتی ہے تجھ سے اپنے خاوند پر اور جھینکتی (فریادی) ہے اللہ کے آگے،

وَٱللَّهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَآ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ سَمِيعٌۢ بَصِيرٌ ﴿١﴾

اور اللہ سنتا ہے سوال جواب تم دونوں کا۔ بیشک اللہ سنتا ہے دیکھتا۔

ٱلَّذِينَ يُظَـٰهِرُونَ مِنكُم مِّن نِّسَآئِهِم مَّا هُنَّ أُمَّهَـٰتِهِمْ ۖ

جو لوگ ماں کہہ بیٹھیں تم میں اپنی عورتوں کو وہ نہیں اُن کی مائیں۔

إِنْ أُمَّهَـٰتُهُمْ إِلَّا ٱلَّـٰٓـِٔى وَلَدْنَهُمْ ۚ

مائیں وہی ہیں جنہوں نے اُن کو جنا۔

وَإِنَّهُمْ لَيَقُولُونَ مُنكَرًا مِّنَ ٱلْقَوْلِ وَزُورًا ۚ

اور وہ بولتے ہیں ایک ناپسند بات اور جھوٹ۔

وَإِنَّ ٱللَّهَ لَعَفُوٌّ غَفُورٌ ﴿٢﴾

اور اللہ معاف کرتا ہے بخشنے والا۔

وَٱلَّذِينَ يُظَٰهِرُونَ مِن نِّسَآئِهِمْ ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا قَالُوا۟

اور جو ماں کہہ بیٹھیں اپنی عورتوں کو، پھر وہی کام چاہیں (رجوع کریں) جس کو کہا ہے،

فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مِّن قَبْلِ أَن يَتَمَآسَّا ۚ ذَٰلِكُمْ تُوعَظُونَ بِهِۦ ۚ

تو آزاد کرنا ایک بردہ (غلام)، پہلے اس سے کہ آپس میں ہاتھ لگائیں۔ اس سے تم کو نصیحت ہوگی۔

وَٱللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝٣

اور اللہ خبر رکھتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔

فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِن قَبْلِ أَن يَتَمَآسَّا

پھر جو کوئی نہ پائے (غلام) تو روزہ (رکھے) دو مہینے کا لگاتار، پہلے اس سے کہ آپس میں چھوئیں۔

فَمَن لَّمْ يَسْتَطِعْ فَإِطْعَامُ سِتِّينَ مِسْكِينًا ۚ ذَٰلِكَ لِتُؤْمِنُوا۟ بِٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ ۚ

پھر جو کوئی نہ کر سکے (رکھ سکے روزے) تو کھانا دینا ہے ساٹھ محتاج کا۔ یہ اس واسطے کہ حکم مانو اللہ کا اور اسکے رسول کا۔

وَتِلْكَ حُدُودُ ٱللَّهِ ۗ وَلِلْكَٰفِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝٤

اور یہ ساری حدیں باندھی ہیں اللہ کی۔ اور منکروں کو دکھ کی مار ہے۔

إِنَّ ٱلَّذِينَ يُحَآدُّونَ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ كُبِتُوا۟ كَمَا كُبِتَ ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ

جو لوگ مخالف ہوتے ہیں اللہ سے اور اس کے رسول سے، وہ رد (ذلیل وخوار) ہوئے، جیسے کہ رد ہوئے ہیں ان سے پہلے،

وَقَدْ أَنزَلْنَآ ءَايَٰتٍۭ بَيِّنَٰتٍ ۚ

اور ہم نے اُتاری ہیں آیتیں (احکام) صاف۔

وَلِلْكَٰفِرِينَ عَذَابٌ مُّهِينٌ ۝٥

اور منکروں کو ذلت کی مار ہے۔

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ ٱللَّهُ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوٓا۟ ۚ

جس دن اُٹھائے گا اللہ ان سب کو، پھر جتائے گا ان کو اُن کے کئے ۔

أَحْصَىٰهُ ٱللَّهُ وَنَسُوهُ ۚ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ شَهِيدٌ ﴿٦﴾

اللہ نے وہ گن رکھے ہیں اور وہ بھول گئے ۔ اور اللہ کے سامنے ہے ہر چیز ۔

أَلَمْ تَرَ أَنَّ ٱللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِى ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَمَا فِى ٱلْأَرْضِ ۖ

تو نے نہ دیکھا! کہ اللہ کو معلوم ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں ۔

مَا يَكُونُ مِن نَّجْوَىٰ ثَلَـٰثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ

کہیں نہیں ہوتا مشورہ تین کا جہاں وہ نہیں ان میں چوتھا، اور نہ پانچ جہاں وہ نہیں ان میں چھٹا،

وَلَآ أَدْنَىٰ مِن ذَٰلِكَ وَلَآ أَكْثَرَ إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَ مَا كَانُوا۟ ۖ

اور نہ اُس سے کم نہ زیادہ جہاں وہ نہیں اُن کے ساتھ، جہاں کہیں ہوں ۔

ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا۟ يَوْمَ ٱلْقِيَـٰمَةِ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيمٌ ﴿٧﴾

پھر جتائے گا انکو، جو انہوں نے کیا قیامت کے دن ۔ بیشک اللہ کو معلوم ہے ہر چیز ۔

أَلَمْ تَرَ إِلَى ٱلَّذِينَ نُهُوا۟ عَنِ ٱلنَّجْوَىٰ ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا نُهُوا۟ عَنْهُ

تو نے نہ دیکھے؟ جن کو منع ہوئی کانا پھوسی، پھر وہی کرتے ہیں جو منع ہو چکا ہے،

وَيَتَنَـٰجَوْنَ بِٱلْإِثْمِ وَٱلْعُدْوَٰنِ وَمَعْصِيَتِ ٱلرَّسُولِ

اور کان میں باتیں کرتے ہیں گناہ کی اور زیادتی کی، اور رسول کی بے حکمی کی ۔

وَإِذَا جَآءُوكَ حَيَّوۡكَ بِمَا لَمۡ يُحَيِّكَ بِهِ ٱللَّهُ

اور جب آئیں تیرے پاس، تجھ کو دعا دیں جو دعا نہیں دی تجھ کو اللہ نے،

وَيَقُولُونَ فِيٓ أَنفُسِهِمۡ لَوۡلَا يُعَذِّبُنَا ٱللَّهُ بِمَا نَقُولُۚ

اور کہتے ہیں اپنے دل میں، کیوں نہیں عذاب کرتا ہم کو اللہ؟ اس پر جو ہم کہتے ہیں۔

حَسۡبُهُمۡ جَهَنَّمُ يَصۡلَوۡنَهَاۖ فَبِئۡسَ ٱلۡمَصِيرُ ٨

بس ہے ان کو دوزخ پیٹھیں (جھاسیں) گے اس میں، سو بُری جگہ پہنچے۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِذَا تَنَٰجَيۡتُمۡ فَلَا تَتَنَٰجَوۡاْ بِٱلۡإِثۡمِ

اے ایمان والو! جب کان میں بات کرو، تو مت کرو بات گناہ کی اور زیادتی کی

وَٱلۡعُدۡوَٰنِ وَمَعۡصِيَتِ ٱلرَّسُولِ وَتَنَٰجَوۡاْ بِٱلۡبِرِّ وَٱلتَّقۡوَىٰۖ

اور رسول کی بے حکمی کی، اور (بلکہ) بات کرو احسان کی اور ادب کی۔

وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ ٱلَّذِيٓ إِلَيۡهِ تُحۡشَرُونَ ٩

اور ڈرتے رہو اللہ سے جس کے پاس جمع (پیش) ہو گے۔

إِنَّمَا ٱلنَّجۡوَىٰ مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ لِيَحۡزُنَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ

یہ جو ہے کانا پھوسی، سو شیطان کا کام ہے، کہ دلگیر کرے ایمان والوں کو،

وَلَيۡسَ بِضَآرِّهِمۡ شَيۡـًٔا إِلَّا بِإِذۡنِ ٱللَّهِۚ

اور وہ ان کا کچھ نہ بگاڑے گا بن حکم اللہ کے۔

وَعَلَى ٱللَّهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ ١٠

اور اللہ پر چاہیے بھروسا کریں ایمان والے۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِذَا قِيلَ لَكُمۡ تَفَسَّحُواْ فِي ٱلۡمَجَٰلِسِ فَٱفۡسَحُواْ

اے ایمان والو! جب تم کو کہیے کھل بیٹھو (کشادگی پیدا کرو) مجلسوں میں، تو کھل جاؤ،

يَفۡسَحِ ٱللَّهُ لَكُمۡۖ

اللہ کشادگی دے تم کو۔

وَإِذَا قِيلَ ٱنشُزُواْ فَٱنشُزُواْ

اور جب کہیے اُٹھ کھڑے ہو، تو اٹھ کھڑے ہو،

يَرۡفَعِ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡعِلۡمَ دَرَجَٰتٖۚ

اللہ اُونچے کرے اُنکے جو ایمان رکھتے ہیں تم میں اور علم، بڑے درجے۔

وَٱللَّهُ بِمَا تَعۡمَلُونَ خَبِيرٞ ﴿١١﴾

اللہ خبر رکھتا ہے جو کرتے ہو۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِذَا نَٰجَيۡتُمُ ٱلرَّسُولَ فَقَدِّمُواْ بَيۡنَ يَدَيۡ نَجۡوَىٰكُمۡ صَدَقَةٗۚ

اے ایمان والو! جب تم کان میں بات کہو رسول سے تو آگے دھر لو اپنی بات کہنے سے پہلے خیرات۔

ذَٰلِكَ خَيۡرٞ لَّكُمۡ وَأَطۡهَرُۚ

یہ بہتر ہے تمہارے حق میں، اور بہت ستھرا۔

فَإِن لَّمۡ تَجِدُواْ فَإِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٞ رَّحِيمٌ ﴿١٢﴾

پھر اگر نہ پاؤ تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

ءَأَشۡفَقۡتُمۡ أَن تُقَدِّمُواْ بَيۡنَ يَدَيۡ نَجۡوَىٰكُمۡ صَدَقَٰتٖۚ

کیا تم ڈر گئے؟ کہ آگے رکھا کرو کان کی بات (سرگوشی) سے پہلے خیراتیں۔

فَإِذْ لَمْ تَفْعَلُوا۟ وَتَابَ ٱللَّهُ عَلَيْكُمْ فَأَقِيمُوا۟ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتُوا۟ ٱلزَّكَوٰةَ

سو جب تم نے نہ کیا (ایسا نہ کرسکو)، اور اللہ نے معاف (بھی) کیا تم کو، تو اب کھڑی رکھو نماز اور دیتے رہو زکوٰۃ،

وَأَطِيعُوا۟ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ ۚ وَٱللَّهُ خَبِيرٌۢ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٣﴾

اور حکم پر چلو اللہ کے اور اس کے رسول کے۔ اور اللہ کو خبر ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔

أَلَمْ تَرَ إِلَى ٱلَّذِينَ تَوَلَّوْا۟ قَوْمًا غَضِبَ ٱللَّهُ عَلَيْهِم

تو نے نہ دیکھے؟ وہ جو رفیق (دوست) ہوئے ہیں ایک (ایسے) لوگوں کے، جن پر غصّے (ناراض) ہوا ہے اللہ۔

مَّا هُم مِّنكُمْ وَلَا مِنْهُمْ وَيَحْلِفُونَ عَلَى ٱلْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿١٤﴾

نہ وہ تم میں ہیں نہ اُن میں ہیں، اور قسمیں کھاتے ہیں جھوٹ بات پر، اور خبر رکھتے ہیں (جانتے بوجھتے)۔

أَعَدَّ ٱللَّهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا ۖ إِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ ﴿١٥﴾

رکھی ہے اللہ نے ان کو سخت مار (عذاب)۔ بیشک وہ بُرے کام ہیں جو کرتے رہے ہیں۔

ٱتَّخَذُوٓا۟ أَيْمَـٰنَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا۟ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿١٦﴾

بنایا ہے اپنی قسموں کو ڈھال، پھر روکے ہیں اللہ کی راہ سے، تو ان کو ذلّت کی مار ہے۔

لَّن تُغْنِىَ عَنْهُمْ أَمْوَٰلُهُمْ وَلَآ أَوْلَـٰدُهُم مِّنَ ٱللَّهِ شَيْـًٔا ۚ

کام نہ آئیں گے ان کو ان کے مال اور نہ اُنکی اولاد، اللہ کے ہاتھ سے کچھ۔

أُو۟لَـٰٓئِكَ أَصْحَـٰبُ ٱلنَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَـٰلِدُونَ ﴿١٧﴾

وہ لوگ ہیں دوزخ کے۔ اسی میں رہ پڑے۔

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ ٱللَّهُ جَمِيعًا فَيَحْلِفُونَ لَهُۥ كَمَا يَحْلِفُونَ لَكُمْ ۖ

جس دن جمع کرے گا اللہ ان کو سارے، پھر قسمیں کھائیں گے اسکے آگے جیسے کھاتے ہیں تمہارے آگے،

وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ عَلَىٰ شَىْءٍ ۚ

اور خیال رکھتے ہیں کہ وہ کچھ بھلی راہ پر ہیں۔

أَلَآ إِنَّهُمْ هُمُ ٱلْكَٰذِبُونَ ﴿١٨﴾

سنتا ہے وہی ہیں اصل جھوٹے۔

ٱسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ ٱلشَّيْطَٰنُ فَأَنسَىٰهُمْ ذِكْرَ ٱللَّهِ ۚ أُو۟لَٰٓئِكَ حِزْبُ ٱلشَّيْطَٰنِ ۚ

قابو میں کرلیا ہے ان کو شیطان نے، پھر بھلائی ان کو اللہ کی یاد، وہ لوگ ہیں جتھا شیطان کا۔

أَلَآ إِنَّ حِزْبَ ٱلشَّيْطَٰنِ هُمُ ٱلْخَٰسِرُونَ ﴿١٩﴾

سنتا ہے جو جتھا ہے شیطان کا۔ وہی خراب ہوتے ہیں۔

إِنَّ ٱلَّذِينَ يُحَآدُّونَ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥٓ أُو۟لَٰٓئِكَ فِى ٱلْأَذَلِّينَ ﴿٢٠﴾

جو لوگ مخالف ہوتے ہیں اللہ سے اور اسکے رسول سے، وہ لوگ ہیں سب سے بے قدر (ذلیل) لوگوں میں۔

كَتَبَ ٱللَّهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا۠ وَرُسُلِىٓ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ قَوِىٌّ عَزِيزٌ ﴿٢١﴾

اللہ لکھ چکا کہ میں زبر (غالب) رہوں گا اور میرے رسول۔ بیشک اللہ زورآور ہے زبردست۔

لَّا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلْيَوْمِ ٱلْءَاخِرِ يُوَآدُّونَ

تو نہ دیکھے گا کوئی لوگ جو یقین رکھتے ہوں اللہ پر اور پچھلے دن (آخرت) پر، پھر دوستی کریں ایسوں سے جو

مَنْ حَآدَّ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ وَلَوْ كَانُوٓا۟ ءَابَآءَهُمْ أَوْ أَبْنَآءَهُمْ أَوْ إِخْوَٰنَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ ۚ

مخالف ہوئے اللہ اور اس کے رسول کے، پڑے وہ اپنے باپ ہوں یا بیٹے ہوں یا اپنے بھائی یا اپنے گھرانے کے۔

أُوْلَٰٓئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ ٱلْإِيمَٰنَ وَأَيَّدَهُم بِرُوحٖ مِّنْهُۖ

ان کے دلوں میں لکھ دیا ہے ایمان، اور ان کی مدد کی ہے اپنے غیب کے فیض سے۔

وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّٰتٖ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَٰرُ خَٰلِدِينَ فِيهَاۚ

اور داخل کرے گا ان کو باغوں میں، جن کے نیچے بہتی ہیں نہریں، سدا رہیں ان میں۔

رَضِيَ ٱللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُواْ عَنْهُۚ أُوْلَٰٓئِكَ حِزْبُ ٱللَّهِۚ

اللہ ان سے راضی اور وہ اس سے راضی۔ وہ ہیں جتھا اللہ کا۔

أَلَآ إِنَّ حِزْبَ ٱللَّهِ هُمُ ٱلْمُفْلِحُونَ ﴿٢٢﴾

سُنتا ہے! جو جتھا ہے اللہ کا وہی مراد کو پہنچے۔

**© Copy Rights:**
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**